## 22105 ـ خاوند کوباجماعت نماز ادا کرنے کی نصیحت کرنا

**سوال**

جب عورت اپنے خاوند کومسجد میں باجماعت نماز کی ادائیگي میں سستی کرنے پر نصیحت کرے یا پھر اسے غصہ ہو توکیا وہ اس بنا پر گنہگار ہوگي اس لیے کہ خاوند کا حق زیادہ ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

الحمدللہ

جب خاوند کے حرام کردہ کام کا ارتکاب کرے مثلا باجماعت نماز کی ادائیگي میں سستی ، یا نشہ کرنا ، یا پھر رات بھر جاگنا ، توعورت اس پر اپنے خاوند کونصیحت کرے تواس میں وہ گنہگار نہیں بلکہ وہ عنداللہ ماجور ہوگي ۔

اوراس میں مشروع یہ ہے کہ نصیحت کرنے میں رویہ نرم ہو اوراسلوب بھی اچھا اوربہتر استعمال کیا جائے ، اس لیے کہ ایسا کرنے میں اس کی قبولیت زیادہ ہوگي اورفائدہ بھی ہوگا ۔ ان شاء اللہ ۔ .